# کیا اپنے نسلی پس منظر کی وجہ سے، اپنے حمل یا زچہ بچہ نگہداشت کے حوالے سے آپ کو کوئی خدشات لاحق ہیں؟

کوویڈ-19 کی وباء کے پھیلاؤ کے دوران سامنے آنے والی ایک تحقیق کے مطابق سیاہ فام، ایشیائی یا دیگر اقلیتی نسلی پس منظر (BAME) رکھنے والی حاملہ خواتین میں کوویڈ-19 کی شدید علامات کا امکان سفید فارم عورتوں کے مقابلے میں 4 گنا زیادہ موجود ہے جس میں ہسپتال میں داخلے کی ضرورت پیش آ سکتی ہے۔

اس کی وجہ تلاش کرنے کے لیے بھی تحقیق جاری ہے، تاکہ ہم آپ کو موزوں نگہداشت فراہم کر سکیں۔

اس غیر یقینی صورت حال میں، ہم آپ کی ایسی ذہنی پریشانی کے بارے میں معاونت فراہم کرنا چاہتے ہیں جو آپ کو ہسپتال آنے یا ہسپتال میں داخلہ کے حوالے سے لاحق ہو سکتی ہیں۔

قبل از پیدائش نگہداشت کے دوران آپ کی تشریف آوری پر آپ کی دائی آپ سے ہر مرتبہ پوچھے گی کہ آیا آپ میں کوویڈ-19 کی کوئی علامات تو نہیں پائی جاتیں تاکہ آپ کو اور آپ کے ہونے والے بچے کو محفوظ رکھنے کی کوشش کی جائے۔

اگر آپ میں صرف کوویڈ-19 کی علامات پائی جاتی ہوں، تو براہ کرم 111 پر کال کریں اور وہ آپ کو مشورہ دے سکیں گے۔

اگر آپ میں کوویڈ-19 کی علامات پائی جاتی ہوں یا حمل کے حوالے سے کوئی دوسرا مسئلہ ہو، تو براہ کرم کال کریں:

**فرِملی ٹرائج (Frimley Triage)**
**01276 604527**
**ویکسہیم MAC (میٹرنٹی اسیسمنٹ سنٹر)**
**01753 634520**

لائنیں دن کے 24 گھنٹے کھلی رہتی ہیں۔

درج ذیل علامات سے آگاہ رہنا چاہیے:

- پچھلے 24 گھنٹوں کے دوران جسمانی درجہ حرارت میں اضافہ یا بخار
- کھانسی
- زکام کی طرح کی علامات
- ذائقہ اور/یا سونگھنے کی حس ختم ہو جانا

اگر آپ کو اس حوالے سے کوئی خدشات ہوں کہ آپ کے نسلی پس منظر کی وجہ سے آپ کو موصول ہونے والی نگہداشت متاثر ہو سکتی ہے، تو آپ کال کر سکتی ہیں:-

- **پیشنٹ ایڈوائس لیزان سروس** (PALS) فون نمبر **01276 526530** (فرِملی پارک) یا **01753 633365** (ویکسہیم پارک)۔

## ہم آپ کی خدمات کے لیے حاضر ہیں۔

**منجانب فرِملی اینڈ ویکسہیم پارک میٹرنٹی ہاسپیٹلز**

ابلاغ کو فرِملی اینڈ ویکسہیم میٹرنٹی وائسز پارٹنرشپ کے باہمی تعاون سے تیار کیا گیا ہے۔

**Frimley Health and Care**

# اگر آپ حاملہ ہیں اور اپنی شناخت سیاہ فام، ایشیائی یا کسی اور اقلیتی نسلی منظر (BAME) کے طور پر کرواتی ہیں،

## تو ہم چاہتے ہیں کہ آپ درج ذیل کے بارے میں جانیں...



- بچے کی پیدائش کے دوران، اگر آپ کے جیون ساتھی میں کوویڈ-19 کی علامات نہ پائی جاتی ہوں، تو وہ آپ کی معاونت کے لیے آپ کے پاس رہ سکتا ہے۔
- ہمارے پاس ترجمے کی خدمات دستیاب ہیں، بالمشافہ بھی اور بذریعہ فون بھی۔ براہ کرم اپنی دائی سے دریافت کریں۔
- جب آپ وارڈ میں موجود ہوں گی، تو ہمارا عملہ ہمیشہ آپ کی معاونت کے لیے دستیاب ہو گا۔

## آپ اکیلی نہیں ہیں۔





CS51676 NHS Creative 2020